علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی۔اے	سمسٹر: بہار 2009ء
پرچہ: تعلیم عامہ/خواندگی (429)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

OVERSEAS

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر۔1	(الف) مندرجہ ذیل میں سے درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۱۔ جدید دور انتہائی تیز اطلاعاتی ذرائع کے سہارے چل رہا ہے۔ ص/غ ۲۔ تعلیم انسان میں ایسی سوچ پیدا کرتی ہے۔ جس سے وہ اپنے مذہبی عقیدے کے تحت اپنے لیے صحیح سمت اختیار کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ص/غ ۳۔ بچوں کی تعلیم اور نشو ونما میں عورت کی تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ ص/غ ۴۔ بلوچستان خواتین کی تعلیم کے سلسلے میں سب سے آگے ہے۔ ص/غ ۵۔ خواتین میں شرح خواندگی کی کمی نے ملک کی معاشی اور معاشرتی حالت کو بُری طرح متاثر کیا ہے۔ ص/غ ۶۔ فرد خود کفیل ہو جاتا ہے جب معاشرتی ادارے اس کی بھرپور مدد کرتے ہیں۔ ص/غ ۷۔ انسان کا مل جل کر رہنا اُس کا جبلتی فعل ہے۔ ص/غ (ب) مناسب ترین کا چناؤ کریں۔ ۱۔ مسلسل تعلیمی بورڈ کی نگرانی میں کون کون سے پروگرام چلتے ہیں۔ (تعلیمی پروگرام۔لسانیات پروگرام۔دونوں پروگرام۔کوئی نہیں) ۲۔ پیشہ ورانہ تربیت کا ادارہ کتنے اقسام کی اسناد جاری کرتا ہے۔ (دو ۔تین ۔چار۔پانچ) ۳۔ قومی تجارتی سند کن لوگوں کو تفویض کی جاتی ہے۔ (کسان ۔صنعت کار ۔ تاجر ۔ کاشتکار)	(14) (6)
سوال نمبر۔2	پاکستان میں خواتین کی کم شرح خواندگی کے اسباب پر مفصل روشنی ڈالیں۔ اس صورتِ حال کو بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کریں۔	(20)
سوال نمبر۔3	یونیورسٹی کی تعلیم اعلیٰ تعلیم کی آخری منزل ہے۔ آج کے دور میں یونیورسٹی کی تعلیم کی کیا اہمیت ہے؟ مفصل لکھیں۔	(20)
سوال نمبر۔4	تعلیم بالغاں تعلیم عامہ کے لیے انتہائی ضروری ہے؟ مفصل بحث کریں۔	(20)
سوال نمبر۔5	بنیادی خواندگی اور عملی خواندگی کے تصور اور طریقہ کار کا موازنہ کریں اور یہ بتائیں کہ پاکستان کے موجودہ حالات کے پیش نظر کون سا طریقہ زیادہ موزوں ہے؟	(20)
سوال نمبر۔6	مثالوں سے واضح کریں کہ ہماری بڑھتی ہوئی آبادی اقتصادی ترقی میں رکاوٹ ہے۔	(20)
سوال نمبر۔7	طریقۂ تدریس کا مفہوم بیان کریں نیز طریقۂ تدریس کی اہمیت بھی بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔8	طریقۂ خواندگی کے کون کون سے طریقے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کریں۔	(20)

****